کے لئے بجا طور پر مبارکباد کے مستحق ہیں۔

❁ مولانا محمد عاشق الٰہی البرنی، مدینہ منورہ

ماشاءاللہ رسالہ اپنی ظاہری و باطنی خوبیوں کے ساتھ اہل علم کے لئے ایک عظیم تحفہ ہے، مضامین اچھوتے ہیں، جو مقالہ نگار حضرات کے اسلامی اور تاریخی وسعت مطالعہ کی غمازی کرتے ہیں۔ اللہ جل شانہ اصحاب ادارہ اور قلم کار حضرات کو مزید علوم دینیہ کی خدمات کی سعادت سے بہرہ ور فرمائے، بعض امور جن کا دھیان رکھنا ضروری ہے احقر نے زبانی عرض کر دیئے ہیں۔

❁ مولانا قاری محمد حنیف جالندھری، ملتان

السیرۃ عالمی کا تیسرا شمارہ نظر نواز ہوا۔ ماشاءاللہ ہر نقش، نقشِ اول سے خوب تر اور حسین تر ہے۔ مسلمان کی دنیا و آخرت کی سرخروئی دامنِ رسول ﷺ سے وابستہ ہے۔ اس کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت مطہرہ کو جس قدر عام اور سہل الحصول بنایا جائے، کم ہے۔ بحمد اللہ آپ اس فرض کو نہایت سلیقہ اور جانفشانی سے انجام دے رہے ہیں۔ سیرت طیبہ کو عصر حاضر کے تقاضوں اور ابلاغ کے نئے پیمانوں کے مطابق ہنر مندی کے ساتھ پیش کرنا سعادت عظمیٰ ہے اور بحمد اللہ حق تعالیٰ نے آپ کو اس سے خوب نوازا ہے۔ احقر کی دلی دعائیں آپ کے ساتھ ہیں۔

❁ مولانا قاری محمد عبداللہ، بنوں

کچھ عرصہ قبل آپ کا ششماہی و معیاری پرچہ السیرۃ عالمی ملا تھا، یقیناً قابل رشک خدمات آپ حضرات نے سرانجام دیئے۔ اکثر مضامین معیاری ہیں اور تحقیق کا انداز انتہائی نرالہ ہے۔ شاید برصغیر میں اپنی نوعیت کا منفرد مجلّہ ہے، ہماری معلومات کی حد تک۔

❁ عارف اقبال، نئی دہلی

اس عالمی مجلّے کے اجرا کے لئے مبارکباد قبول فرمائیں۔ آپ لوگ خوب سوچتے ہیں۔ ”نعت رنگ“ کے بعد یہ نثری سلسلہ بہت خوب ہے۔ اردو کے قارئین کے لئے ایک بہترین تحفہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے تادیر سلامت رکھے اور آپ لوگوں کی کاوشوں. کو شرفِ قبول عطا فرمائے۔

❁